نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন / / اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык / یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں
schools.nyc.gov/messagesforfamilies

4 مارچ، 2022

ہمارے "محفوظ رہیں، کھلے رہیں" منصوبے نے ہماری نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کو کھلا رکھنے میں اور COVID-19 عالمی وبا کے دوران نوجوانوں کے لیے محفوظ ترین جگہ بنانے میں کامیاب ہونے میں مدد کی ہے۔ جیسے کہ ہمارے اسکولوں نے پھیلاؤ کی شرح کو کم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، اسی طرح نیویارک شہر کے تمام شہریوں نے بھی مجموعی طور پر ایسا کیا ہے۔ ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ اسکے نتیجے میں، ہم تازہ ترین رہنمائی کے تحت، ہمارے اسکولوں کے موجودہ COVID-19 صحت اور تحفظ کی پالیسیوں میں تبدیلیاں نافذ کر رہے ہیں۔

مندرجات:

- COVID-19 صحت اور تحفظ
  - ماسک پالیسی کے بارے میں تازہ ترین معلومات
  - سماجی فاصلہ
  - ملاقاتیوں کی پالیسی
  - ویکسینیشن

COVID-19 صحت اور تحفظ

چہرے کے ماسک لگانے کی پالیسی کے بارے میں تازہ ترین معلومات

ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 12 تک پیر، 7 مارچ سے شروع اسکول کی املاک میں چہرے کا ماسک لگانا اختیاری ہو جائیگا۔

ہمارے عملے اور طلبا کے تحفظ کو برقرار رکھنے کے لیے، ہم COVID-19 کے کڑے طریقوں، بشمول مزید ہوا داری، ایک روزانہ صحت کی جانچ، اور جانچ کٹس تقسیم کرنا جاری رکھیں گے۔ عمارت کے اندر، باہر اور اسکول بسوں میں چہرے کا ماسک لگانا اختیاری ہو جائیگا۔ اگر کوئی ماسک لگانا جاری رکھنے کا انتخاب کرتا ہے تو وہ ایسا کر سکتا ہے، اور اگر آپکے بچے کو ایک ماسک کی ضرورت ہے تو یہ اپنے اسکول سے ایک ماسک کی درخواست کر سکتا ہے۔

LYFE، ارلی لرن (نوزائیدہ اور نونہال)، 3-K، پری کنڈرگارٹن، اور 4410 کلاس رومز کے بچوں کے لیے اب بھی عمارت کے اندر ماسک لگانا لازمی ہے۔ وہ بچے، جنکی عمریں دو سال یا اس سے زائد ہیں، اور ان کلاس رومز میں تمام عملہ کو لازماً عمارت کے اندر چہرے پر مسلسل ماسک لگانا

لازمی ہے۔ کیونکہ ابھی تک پانچ سال سے کم عمر بچے اس ویکسین کے حصول کے اہلیت نہیں رکھتے ہیں، ہمارے سب سے چھوٹے متعلمین کا چہرے پر ماسک لگانا COVID-19 کے خلاف ہمارا بہترین دفاع رہیگا۔

اسکے علاوہ، کوئی عملے کا فرد یا کنڈرگارٹن یا اس سے اونچے گریڈ کا طالب علم جو ایک COVID-19 کی مثبت تشخیص ہونے یا COVID-19 کی علامات ظاہر ہونے کے 6 دن بعد COVID جانچ لیے بغیر واپس آیا ہے اس پر **لازم ہے** کہ (دسویں) 10 دن تک ہر وقت اسکول کے املاک میں ایک اچھی طرح سے فِٹ ہونے والا ماسک پہنے۔

عملے کے رکن یا طالب علم کے لیے چہرے کا ماسک لگانے کی پرزور تجویز کی جاتی ہے جنھیں معلوم ہے کہ انکا پچھلے 10 دنوں کے اندر COVID-19 سے سامنا ہوا ہے۔ طبی کمروں اور نرسوں کے دفاتر اور ساتھ میں اسکول پر مبنی طبی کمروں میں ماسک لگانا ابھی بھی مطلوب ہے۔ (کمرے میں) داخل ہونے والے کسی بھی فرد جسے ماسک کی ضرورت ہو نرسوں کے پاس چہرے کے ماسک دستیاب ہیں۔

سماجی فاصلہ

عوامی جگہوں پر، بشمول کلاس رومز، کیفیٹیریا اور آڈیٹوریئم میں سماجی فاصلہ رکھنے کی کوئی مطلوبات نہیں ہے۔

ملاقاتیوں کی پالیسی:

ملاقاتیوں کے لیے اب بھی محکمئہ تعلیم (DOE) کی عمارت میں داخل ہونے سے قبل ویکسینیشن کی تصدیق دکھانا اور ایک روزانہ صحت کی جانچ مکمل کرنا مطلوب ہے .(healthscreening.schools.nyc)

ویکسینیشن

بطور یاد دہانی، COVID-19 سے نمٹنے اور ہمارے اسکولوں کو تمام طلبا کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ہمارے پاس ویکسینیشن بہترین آلہ ہے۔ 5 سال اور اس سے زائد عمر کے بچے COVID-19 سے بچاؤ کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے لیکن COVID-19 سے بچاؤ کے لیے اب تک ویکسین نہیں لگوائی ہے آپ vaccinefinder.nyc.gov پر جا کر ویکسین لگوانے کے لیے مقررہ وقت لے سکتے ہیں یا 311 پر کال کر کے ایک قریب ترین ویکسین لگانے کا مقام تلاش کر سکتے ہیں۔ ویکسین نیو یارک شہر کے تمام شہریوں کے لیے مفت ہے، نقل وطنی (امیگریشن) یا بیمہ (انشورنس) کی صورت حال سے قطع نظر۔ ہم آپ کی مستقل شراکت کے شکرگزار ہیں۔